پریس ریلیز

گوجرانوالہ 17 مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم نے میڈیکل کالج گوجرانوالہ میں منشیات کی روک تھام کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں شرکت کی ۔سیمینار کے بعد انہوں نے مختلف نیوز چینلز کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے لئے یہ بات انتہائی لمحہ فکریہ ہے کہ ہماری نوجوان نسل جنہوں نے مستقبل میں اس پیارے وطن کی باگ دوڑ سنبھالنی ہے منشیات جیسی لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں اور منشیات فروشوں کیلئے تعلیمی ادارے انتہائی اہم اور آسان ہدف ہے۔انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ میں تمام تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام اور خصوصی والدین اپنے بچوں پر خصوصی نظر رکھیں اور انہیں وقت دیں منشیات کی لت ہمارے لئے ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔اس موقع پر وائس پرنسپل شہزاد حسین شاہ، ایم ایس میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نصیر احمد اعوان، سیالکوٹ میڈیکل کالج کیپروفیسر ڈاکٹر ندیم احمد باجوہ، اسسٹنٹ پروفیسر ثاقب باجوہ، ایڈیشنل ایم ایس ڈاکٹر بلال نواز چیمہ، پی ایس او ٹو پرنسپل ڈاکٹر ارشاد اللہ، ای ٹی او محمد عبدالحئی، کے علاوہ خواتین وحضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔نائب صدر عادل نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کے آگاہی سیمینارز اور ورکشاپس کا اہتمام تعلیموں اداروں سمیت مختلف فورمز پر کرتے رہنا چاہیئے تا کہ ہم اپنے نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچا سکیں۔پرنسپل گوجرانوالہ میڈیکل کالج گوجرانوالہ پروفیسر ڈاکٹر اقبال حسین ڈوگر نے کہا ہے کہ نوجوان نسل میں نشہ کے بڑھتے ہوئے خطرناک رجحان کے پیش نظر ضلع بھر میں منشیات کی روک تھام کے سلسلہ میں بڑے پیمانے پر مہم کا آغاز کرنیکی ضرورت ہے اور لوگوں میں شعور و آگہی بیدار کرنا ہے کہ منشیات یا ڈرگس کا استعمال انسانی زندگی کے لئے کتنا نقصان دہ اور جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے۔